Semester Terminal Exams (STE)

Autumn 2020

ONLINE EXAM

All Postgraduate Programs (ODL Mode)

ضروری ہدایات برائے طلبہ

عزیز طلبہ! جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ درج بالا پروگرامز کے امتحانات تدریسی کیلنڈر کے مطابق 16 اپریل تا 31 مئی 2021 تک منعقد ہونا تھے لیکن ملک بھر میں کروناوائرس کے بڑھتے ہوئے کیسسز اور لاک ڈاؤن کے پیشِ نظر ان کا انعقاد التواء کا شکار ہو گیا ہے۔ اس سلسلے میں طلبہ و طالبات کے تعلیمی سال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مجاز اتھارٹی نے ایک پالیسی کی منظوری دی ہے جس کے چیدہ چیدہ نکات درج ذیل ہیں:-

(1) **(i)** ۔تمام متعلقہ طلبہ کا امتحان آن لائن بذریعہ آگاہی لرننگ مینجمنٹ سسٹم Aaghi LMS Portal لیا جائے گا۔ طلبہ کو "Semester Terminal Exam" کے متعلقہ کورس کوڈ کے پیپرز طے شدہ شیڈول / ڈیٹ کے مطابق صبح 8:30 بجے آپ کے پہلے سے بنے ہوئے ایل ایم ایس (LMS) اکاؤنٹ میں اپلوڈ کئے جائیں گے جو رات 8:30 بجے تک اپلوڈ رہیں گے۔ **طلبہ کو متعلقہ کورس کوڈ کا پیپر حل کرنے کے لئے 12 گھنٹے کا ٹائم دیا جائے گا جس کے اندر اندر طلبہ اپنے جوابات MS Word میں ٹائپ کریں گے اور جوابات مکمل ہونے کے بعد وہاں سے copy کرکے اپنے LMS اکاؤنٹ کے اندر متعلقہ جگہ پر paste کریں گے یا پھر MS Word کی ایک فائل بنا کر save کریں گے اور LMS اکاؤنٹ کے اندر اپلوڈ کر دیں گے۔ یاد رہے کہ یہ پیپرز آپ کاغذ پر لکھ کر سکین کر کے submit نہیں کرسکتے۔**

(ii)۔12 گھنٹے کے بعد پچھلے کورس کوڈ کا پیپر LMS اکاؤنٹ سے ختم ہو جائے گا۔ اور اگلے دن صبح 8:30 بجے ڈیٹ شیٹ کے مطابق اگلے کورس کوڈ کا پیپر اپلوڈ ہو جائے گا جس کو اسی طریقے سے حل کر کے submit کرنا ہو گا۔ جن طلبہ کا کسی کورس کوڈ میں RA/ARA ہو گا وہ پیپر بھی اسی ٹائم یعنی 12 گھنٹے کے اندر اندر ہی فریش کورسسز کے ساتھ ہی حل کرنا ہو گا جس کا پیپر ان کے LMS اکاؤنٹ میں طے شدہ شیڈول / ڈیٹ / ٹائم کے مطابق اپلوڈ ہو جائے گا۔

(iii)۔ پیپر کو حل کرنے سے پہلے دی گئی ہدایات کو بغور پڑھ اور سمجھ لیں، جوابات متعلقہ مواد اور اپنے الفاظ پر مشتمل ہوں، غیر ضروری تشریحات سے پرہیز کریں۔ غیر متعلقہ، چوری شدہ، کسی کتاب یا دوسرے میڈیا سے کاپی شدہ مواد مسترد ہو گا اور متعلقہ طالب علم کے خلاف چربہ سازی اور نقل کا (Unfair Means) کیس بنایا جائے گا۔ کورس میٹریل کے حوالے سے عملی زندگی کے مشاہدے کی بنیاد پر اپنی رائے کا اظہار کریں۔ چربہ سازی / plagiarism چیک کرنے کے لئے آپکے جوابات متعلقہ سافٹ وئیر سے گزارے جائیں گے، ہُو بہو نقل / کاپی وغیرہ کی صورت میں plagiarism/evaluators رپورٹ کی روشنی میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس بارے میں مکمل احتیاط کریں اور جوابات اپنے الفاظ میں مہیا کریں۔ آپ کی Higher Order Learning کی ability جوابات سے ظاہر ہونی چاہیے۔

(iv a)۔ ہر کورس کوڈ کا پیپر کُل 03 سوالات پر مشتمل ہو گا۔ تمام سوالات لازمی حل کرنے ہونگے۔ ایک سوال کا جواب 600 سے 800 الفاظ تک لکھ سکتے ہیں، 800 الفاظ سے زائد ہونے کی صورت میں اُس سوال کی نیگیٹو مارکنگ ہو گی۔

(b)۔ ایل ایم ایس کے حوالے سے کسی بھی مشکل صورت میں فوری طور پر متعلقہ ریجنل آفس کے ہیلپ ڈیسک سے رابطہ کریں۔ کسی بھی صورت میں بائی ہینڈ یا ڈاک کے ذریعے ریجن یا متعلقہ ٹیوٹر کو جوابات نہیں بھجوائے جاسکتے۔ LMS پر اپلوڈ کرنا ضروری ہے۔

(2) **(i)**۔ وہ پروگرامز / کورسسز جن کا موڈ آف اسٹڈی اردو یا عربی ہے (متعلقہ کورسسز کی لسٹ یونیورسٹی ویب سائٹ پر STE کے لنک میں اپلوڈ کر دی جائے گی)، ان کے طلبہ متعلقہ پیپرز کو پہلے اردو یا عربی میں اپنے ہاتھ سے کسی بھی قسم کی سفید شیٹ / کاغذ پر حل کرنے کے بعد اسے سکین (scan) کر کے پی ڈی ایف فائل فارمیٹ میں جس کا سائز 5mb سے چھوٹا ہو اپنے LMS اکاؤنٹ میں اپلوڈ (upload) کریں گے۔ اپلوڈ کی سہولت 12 گھنٹے تک موجود ہو گی جس کے بعد اپلوڈ نہیں کیا جاسکے گا۔ اس سلسلے میں کوئی عذر تسلیم نہیں کیا جائے گا۔ ایک سوال کا جواب 600 سے 800 الفاظ تک لکھ سکتے ہیں، 800 الفاظ سے زائد ہونے کی صورت میں اُس سوال کی نیگیٹو مارکنگ ہو گی۔

(ii)۔ وہ پروگرامز / کورسسز جن کے جواب صرف اور صرف اردو یا عربی میں دیئے جانے لازمی ہیں ان کے جوابات اپنی Handwriting میں لکھیں اور ہر حل شدہ صفحے پر اپنا رولنمبر لکھیں اور دستخط لازمی کریں۔ لکھائی آپ کی جمع شدہ مشقوں اور سابقہ اور آئندہ پیپرز کے ساتھ ٹیلی کی جائے گی۔ ٹیلی نہ ہونے کی صورت میں (Unfair Means) کیس بنایا جائے گا۔

(iii)۔ بقیہ تمام پروگرامز / کورسسز جو درج بالا لسٹ میں موجود نہ ہیں ان کے جوابات آپ انگریزی میں type کریں گے اور اوپر بتائے گئے طریقہ کار کے مطابق submit/upload کریں گے۔

(3) (i). Aaghi LMS Portal سے متعلق مزید تفصیلات کے لئے آپ aaghi.aiou.edu.pk کو وزٹ کریں۔ اس سلسلے میں آپ کو معلوماتی ایس ایم ایس بھی آپ کے دیئے گئے موبائل نمبر پر کیے جائیں گے۔ ساتھی طلبہ سے رابطے میں رہیں اور یونیورسٹی ویب سائٹ کو وقتاً فوقتاً چیک کرتے رہیں۔

(ii). LMS سے متعلقہ کسی بھی قسم کی سپورٹ (مثلاً لاگ ان، یوزر نیم، پاسورڈ بھول جانے کی صورت میں) کے لئے اپنے قریبی ریجنل آفس کے فوکل پرسن سے رابطہ کرسکتے ہیں جس کی تفصیل اس لنک پر موجود ہے http://aaghi.aiou.edu.pk/fplist.html درج بالا لنک صرف سپورٹ کے لئے دیا جارہا ہے اس لنک پر آپ جوابات نہیں بھجوا سکتے۔

(ڈاکٹر توقیر احمد خان)

کنٹرولر امتحانات

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

فون نمبر 051-9250049, 9057648, 051-9250006, 051-9250051